روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

قائمقام ایڈیٹر: فخرالحق شمس

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 23 دسمبر 2005ء 20 ذیقعد 1426 ہجری 23 فتح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 286

خدا دیکھ رہا ہے

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہؐ احسان کیا ہے تو آپؐ نے فرمایا:۔ تو اللہ کی ایسی خشیت اختیار کرے کہ گویا تو خدا کو دیکھ رہا ہے اور اگر تو اسے نہیں دیکھ رہا تو وہ تجھے ضرور دیکھ رہا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الایمان باب بیان الایمان حدیث نمبر 11)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ بھی یاد رہے کہ خدا کے وجود کا پتہ دینے والے اور اس کے واحد لاشریک ہونے کا علم لوگوں کو سکھلانے والے صرف انبیاء علیہم السلام ہیں۔ اور اگر یہ مقدس لوگ دنیا میں نہ آتے تو صراط مستقیم کا یقینی طور پر پانا ایک ممتنع اور محال امر تھا۔ اگرچہ زمین و آسمان پر غور کر کے اور ان کی ترتیب ابلغ اور محکم پر نظر ڈال کر ایک صحیح الفطرت اور سلیم العقل انسان دریافت کر سکتا ہے کہ اس کارخانۂ پُرحکمت کا بنانے والا کوئی ضرور ہونا چاہئے لیکن اس فقرہ میں کہ ضرور ہونا چاہئے۔ اور اس فقرہ میں کہ واقعی وہ موجود ہے بہت فرق ہے۔ واقعی وجود پر اطلاع دینے والے صرف انبیاء علیہم السلام ہیں جنہوں نے ہزارہا نشانوں اور معجزات سے دنیا پر ثابت کر دکھایا کہ وہ ذات جو مخفی در مخفی اور تمام طاقتوں کی جامع ہے در حقیقت موجود ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اس قدر عقل بھی کہ نظام عالم کو دیکھ کر صانع حقیقی کی ضرورت محسوس ہو۔ یہ مرتبۂ عقل بھی نبوت کی شعاعوں سے ہی مستفیض ہے۔ اگر انبیاء علیہم السلام کا وجود نہ ہوتا تو اس قدر عقل بھی کسی کو حاصل نہ ہوتی۔ اس کی مثال یہ ہے کہ اگرچہ زمین کے نیچے پانی بھی ہے مگر اس پانی کا بقاء اور وجود آسمانی پانی سے وابستہ ہے۔ جب کبھی ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ آسمان سے پانی نہیں برستا تو زمینی پانی بھی خشک ہو جاتے ہیں۔ اور جب آسمان سے پانی برستا ہے تو زمین میں بھی پانی جوش مارتا ہے۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام کے آنے سے عقلیں تیز ہو جاتی ہیں اور عقل جو زمینی پانی ہے اپنی حالت میں ترقی کرتی ہے۔ اور پھر جب ایک مدت دراز اس بات پر گزرتی ہے کہ کوئی نبی مبعوث نہیں ہوتا تو عقلوں کا زمینی پانی گندہ اور کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور دنیا میں بت پرستی اور شرک اور ہر ایک قسم کی بدی پھیل جاتی ہے۔ پس جس طرح آنکھ میں ایک روشنی ہے اور وہ باوجود اس روشنی کے پھر بھی آفتاب کی محتاج ہے اسی طرح دنیا کی عقلیں جو آنکھ سے مشابہ ہیں ہمیشہ آفتاب نبوت کی محتاج رہتی ہیں اور جبھی کہ وہ آفتاب پوشیدہ ہو جائے ان میں فی الفور کدورت اور تاریکی پیدا ہو جاتی ہے۔ کیا تم صرف آنکھ سے کچھ دیکھ سکتے ہو؟ ہرگز نہیں۔ اسی طرح تم بغیر نبوت کی روشنی کے بھی کچھ نہیں دیکھ سکتے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 114)

ایک افسوسناک خبر

مکرم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ تحریر کرتے ہیں کہ نہایت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ 17 دسمبر 2005ء کو مکرم نعیم محمود صاحب ابن مکرم نصیب احمد صاحب گل آف داتہ زید کا ضلع سیالکوٹ (جو سیالکوٹ کی ایک فیکٹری میں کام کرتے تھے) کو فجر کے بعد فیکٹری جاتے ہوئے راستہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا۔ حملہ آور موٹر سائیکل پر سوار تھے جو وقوعہ کے بعد فرار ہو گئے۔ موصوف کو فوری طور پر مقامی ہسپتال پہنچایا گیا۔ ابتدائی علاج کے بعد موصوف کی حالت کے پیش نظر میو ہسپتال لاہور منتقل کیا گیا جہاں پر باوجود انتہائی کوشش اور علاج کے آپ 20 دسمبر 2005ء کو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پا گئے۔ مرحوم کی عمر 30 سال تھی بفضل اللہ تعالیٰ موصی تھے کسی سے کوئی تنازعہ یا دشمنی نہ تھی مرحوم غیر شادی شدہ تھے۔ حیات والدین کے علاوہ تین بھائی اور دو بہنیں سوگوار چھوڑی ہیں۔

21 دسمبر 2005ء کو مکرم ملک خالد مسعود صاحب قائمقام ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ نے بیت المبارک ربوہ میں بعد نماز عصر نماز جنازہ پڑھائی اور عام قبرستان میں تدفین کے بعد دعا کرائی۔ نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں احباب شامل ہوئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور ان کے ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

ربوہ کی مضافاتی کالونیاں

☆ ربوہ کے مضافات میں جو کالونیاں بنائی گئی ہیں۔ وہ زرعی اراضی پر ہیں۔ اور عام طور پر مشترکہ کھاتہ جات میں ہیں۔ اس لئے بعد از خرید پلاٹ کا قبضہ حاصل کرنے میں تنازعات پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ آئندہ جو احباب ان کالونیز میں پلاٹ خریدنا چاہیں وہ سیکرٹری صاحب مضافاتی کمیٹی دفتر صدر عمومی سے مشورہ اور راہنمائی حاصل کر لیا کریں۔ تاکہ بعد میں ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہیں۔ اگر مشورہ نہ کیا گیا اور خرید و فروخت کی گئی تو تنازعہ کا خدشہ ہے۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ۔ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 364

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی نانی اماں کی بیعت کا پُرلطف واقعہ

بیگم حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب کی بیعت کی ایمان افروز کہانی آپ ہی کی زبانی:۔

میری قریباً بارہ تیرہ سال کی عمر تھی جبکہ میں نے اپنے بڑے بھائی ڈاکٹر فیض علی صاحب سے سنا جو کہ افریقہ سے تین سال کے بعد آئے تھے کہ ایک صاحب حضرت مرزا غلام احمد صاحب نے دعویٰ کیا ہے۔ میرے بھائی صاحب کو بیمار ہونے کی وجہ سے آب و ہوا تبدیل کرنے کے لئے افریقہ سے بمبئی تک آنے کی اجازت تھی۔ جہاز سے اتر کر ان کو معلوم ہوا کہ افریقہ جانے والا جہاز ایک ہفتہ کے بعد جائے گا۔ ان کے ساتھ حضرت ڈاکٹر رحمت علی صاحب برادر حضرت حافظ روشن علی صاحب مرحوم بھی تھے۔ انہوں نے جہاز میں ہی میرے بھائی صاحب کو (دعوت) احمدیت کی تھی اور وہ دل سے احمدی ہو چکے تھے۔ انہوں نے مشورہ کیا کہ کیوں نہ اس عرصہ میں حضرت مسیح موعود کا نیاز حاصل کیا جائے۔ وہ آخری دن امرتسر پہنچے اور ہم لوگوں کو مل کر اور چند گھنٹے گھر پر ٹھہر کر قادیان روانہ ہو گئے۔ وہاں پر وہ حضور کی بیعت سے مشرف ہوئے اور پھر وہیں سے افریقہ چلے گئے۔ پھر بھائی صاحب دو سال کے بعد افریقہ کی ملازمت چھوڑ کر امرتسر میں آ گئے۔ مگر انہوں نے احمدیت کا چرچا شروع کیا اور ان کی مخالفت ہونے لگی۔......

اسی زمانہ میں میں نے اپنی سمجھ کے مطابق منت مانی کہ مجھے اگر کرتے کے اوپر واسکٹ پہننے کی اجازت مل جائے تو میں مان لوں گی کہ حضرت مسیح موعود سچے ہیں۔ اس وقت کنواری لڑکیوں کا کرتہ کے اوپر واسکٹ پہننا عیب میں داخل تھا۔ عید کا موقعہ تھا۔ میرے بڑے بھائی چھوٹے بھائیوں کے کوٹوں کے لئے خوبصورت سیاہ رنگ کا کپڑا لائے تھے۔ میری والدہ صاحبہ خدا غریق رحمت کرے۔ سلائی بہت عمدہ جانتی تھیں۔ وہ کوٹ کترنے لگیں۔ میں اور بھائی صاحب ان کے پاس بیٹھے تھے۔

میں نے دل میں کہا کہ یا الٰہی اگر تیرے مسیح موعود سچے ہیں تو میری منت پوری ہو جائے اور مجھے واسکٹ بنانے اور پہننے کی اجازت مل جائے۔ میں نے اپنی والدہ صاحبہ کو نہ کہا اور چپ چاپ بیٹھی دیکھتی رہی۔

جب کوٹ کترے گئے تو کچھ کپڑا بچ گیا۔ میں نے والدہ سے کہا کہ اس کی مجھے واسکٹ بنا دیں۔ میری والدہ صاحبہ نے کہا کہ کون لڑکی واسکٹ پہنتی ہے جو تم پہنو گی۔ میں چپ ہو گئی۔ لیکن میرے بھائی صاحب والدہ صاحبہ کے سر ہو گئے۔ انہوں نے کہا کس شریعت میں لڑکی کو واسکٹ پہنانا جائز نہیں۔ میں تو پسند کرتا ہوں۔ بہ نسبت لڑکے کے لڑکی کے لئے واسکٹ پہننا بہتر ہے۔ بھائی کی یہ باتیں اماں جان کو پسند آئیں۔ انہوں نے مجھے کپڑا دے دیا میں نے شام تک واسکٹ سی کر تیار کر لی اور اس میں دو جیب بھی لگائے۔

میرے لئے یہ واقعہ حضرت صاحب کو دل سے ماننے کا موجب ہوا۔ اس کے بعد مجھے بجائے خدا تعالیٰ کا شکر کرنے کے ایک اور سوجھی۔ میں نے کہا کہ کیا اچھا ہو۔ اگر آج میری جیب میں ایک روپیہ بھی ہو۔ میرے والد صاحب غفر اللہ فوت ہو چکے تھے۔ میرے چھ بھائی ہیں اور میری والدہ ہم آٹھ آدمی تھے اور بڑے بھائی صاحب افریقہ گئے ہوئے تھے اور دو ماہ کے بعد دو ڈھائی سو روپیہ بھیج دیا کرتے تھے۔ روپیہ ختم ہو چکا تھا۔ بھائی فیض علی صاحب ان دنوں بیکار تھے۔ کبھی کبھی کوئی فیس آ جایا کرتی تھی۔ شام کو جب بھائی صاحب گھر میں آئے تو انہوں نے مجھے ایک روپیہ دیا۔ میں نے لے کر جیب میں رکھ لیا۔ **میری یہ بچوں والی منتیں جو میں نے حضرت مسیح موعود کی سچائی کو واسطہ بناتے ہوئے مانیں۔ چند گھنٹوں میں پوری ہو گئیں مجھے یقین ہو گیا۔ کہ حضرت مسیح موعود سچے ہیں بچوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھی بچوں کا سا سلوک کرتا ہے۔** اب میں نے بھائی سے کہنا شروع کیا کہ **قادیان چلو**...... رشتہ داروں نے یہاں آنے میں بہت رکاوٹیں پیدا کیں۔ فیصلہ یہ ہوا کہ اب کے رمضان شریف قادیان میں گزارا جائے۔ ہم غالباً چودہ شعبان کو قادیان پہنچے۔ ایک ماہ پہلے سے جو مکان بھائی صاحب کرایہ پر لے گئے تھے۔ اس میں اترے والدہ صاحبہ کو راستہ میں یکہ کی سواری کی وجہ سے بہت تکلیف تھی۔ وہ تو آ کر آرام کرنے کے لئے لیٹ گئیں۔ بھائی صاحب (بیت) میں نماز پڑھنے کے لئے چلے گئے۔ والدہ صاحبہ نے ان کے جانے کے بعد نماز پڑھی اور مصلیٰ پر ہی لیٹ گئیں۔ عصر کا وقت تھا ذرا آنکھ لگ گئی اور پھر چونک کر اٹھ بیٹھیں۔ اتنے میں بھائی صاحب آ گئے۔ والدہ صاحبہ نے بھائی صاحب کو بتایا کہ میں نے دیکھا ہے کہ میرے سرہانے ایک بزرگ سفید پوشاک پہنے ہوئے اور سفید ریش، ہاتھ میں عصا لئے ہوئے کھڑے ہیں

...... بھائی صاحب نے کہا کہ دیکھئے یہاں پر آتے ہی آپ کو بشارت ہوئی ہے اب آپ کو ایمان لانے میں کوئی عذر نہیں ہونا چاہئے ......اس کے بعد قریباً پندرہ دن مشورے ہوتے رہے کہ حضرت صاحب کے گھر کب جائیں۔ بھائی صاحب بھی کچھ عمر رسیدہ نہ تھے اور ہماری بھی کسی عورت سے واقفیت نہ تھی۔ اس لئے ہم وہاں جانے سے جھجکتے تھے۔

آخر ایک دن بھائی صاحب ہمیں حضرت صاحب کے گھر پہنچا آئے۔ والدہ شادیخان صاحب مرحوم جن کو لوگ دادی کہا کرتے تھے۔ انہوں نے ہمیں لیجا کر ایک تخت پوش پر جو کہ اونچے دالان کے آگے صحن میں بچھا ہوا تھا۔ بٹھا دیا۔ چند مستورات جو وہاں تھیں۔ انہوں نے حضرت اماں جان کو اطلاع دی۔ وہ باہر آئیں اور اس کے بعد حضرت مسیح موعود کو ایک عورت نے اطلاع دی کہ ڈاکٹر فیض علی صاحب کی والدہ صاحبہ امرتسر سے آئی ہیں۔ حضور اندر سے فوراً تشریف لے آئے۔ میری والدہ صاحبہ نے ایک عورت کے ذریعہ آپ کو السلام علیکم عرض کیا۔ آپ نے سلام کا جواب دیا اور پوچھا کہ کب آئی ہو۔ والدہ نے کہا کہ پندرہ دن ہوئے۔ آپ نے فرمایا کہ اتنے دن کہاں ٹھہرے رہے والدہ نے کہا کہ کوئی مادو ملانی ہیں۔ ان کا مکان فیض علی نے پہلے سے کرایہ پر لیا ہوا تھا۔ وہاں پر ٹھہرے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے گھر کیوں نہ آئیں۔ کرایہ کا مکان لینے کی کیا ضرورت تھی۔ کھانے کا کیا انتظام ہے۔ والدہ نے کہا کھانا ہم خود پکا لیتے ہیں۔ **آپ نے فرمایا بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہمارے مہمان ہو کر خود کھانا پکائیں۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ قادیان میں جو مہمان آتا ہے۔ وہ ہمارا ہی مہمان ہوتا ہے کیا آپ کو ڈاکٹر فیض علی نے نہیں بتایا۔ والدہ نے کہا بتایا تو تھا۔ مگر میں نے خیال کیا کہ ہم چھ آدمی ہیں اور زیادہ دن ٹھہرنا تھا۔ اس لئے مناسب نہ سمجھا کہ آپ کو تکلیف دوں۔**

آپ نے فرمایا کہ ہمارا حکم ہے کہ ہمارے مہمان ہمارے گھر سے ہی کھانا کھائیں ......

پانچ چھ دن کے بعد میں اور میری والدہ صاحبہ مغرب کے بعد بیعت کرنے کے لئے گئے۔ حضور ایک چھوٹے سے کمرے میں تشریف رکھتے تھے جو کہ اونچے دالان کے ساتھ تھا۔ اس کمرہ میں کسیر بچھی تھی اور ٹاٹ کے دو ٹکڑے بچھے ہوئے تھے۔ آپ کچھ لکھ رہے تھے۔ جگہ تنگ تھی۔ اس لئے ہم دونوں دروازے میں بیٹھ گئے۔ حضور نے ہم سے بیعت لی۔ بعد میں جب میں نے باہر کی طرف دیکھا تو کچھ عورتیں اور بھی دالان میں بیٹھی ہوئی تھیں اور وہ بھی دعا میں شامل تھیں۔ دوسرے دن اقبال علی اور منظور علی دونوں بھائیوں کو سکول میں داخل کرا کے ہم واپس امرتسر چلے گئے''۔ (الحکم قادیان 28 ستمبر 1934ء ص 10,9)

اطلاعات و اعلانات

ایک واقفہ نو کی کامیابی

مکرم سید قمر سلیمان احمد صاحب وکیل وقف نو تحریر کرتے ہیں کہ مکرمہ رخشندہ کوکب صاحبہ واقفہ نو بنت مکرم رشید احمد ساجد صاحب آف کوٹری حیدر آباد ضلع دادو سندھ نے امسال انٹرمیڈیٹ کلاس جنرل گروپ میں حیدر آباد بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز موصوفہ کیلئے بابرکت فرمائے اور اسے آئندہ کامیابیوں کیلئے پیش خیمہ بنائے۔ آمین

ملازمت کے مواقع

ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سپیشل ایجوکیشن اسلام آباد کو مختلف خصوصی تعلیمی سینٹروں میں سٹینو گرافر، اسسٹنٹ جونیئر انسٹرکٹرز، سٹینو ٹائپسٹ، ووکیشنل ٹیچر، لیبارٹری اسسٹنٹ، ورکشاپ ٹیکنیشن، یوڈی سی کلرک، ایل ڈی سی کلرک، ڈرائیور، مالی، نائب قاصد، چوکیدار، پریس ہیلپر اور سینٹری ورکرز درکار ہیں۔ درخواستیں مکمل کوائف کے ساتھ بنام ڈائریکٹر ایڈمن ایم مقیم صدیقی حنا روڈ بالمقابل نوری G-8/4 اسلام آباد مورخہ 5 جنوری 2006ء تک بھجوائی جا سکتی ہیں۔ مزید تفصیل کیلئے مورخہ 18 دسمبر 2005ء کا اخبار ''جنگ'' ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت و تجارت)

تقریب آمین

مکرم ملک محمد اعظم صاحب دارالعلوم غربی صادق ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے میری پہلی پوتی فرحانہ ساجد بنت مکرم ڈاکٹر محمود احمد ساجد صاحب یو۔کے نے قریباً چھ سال کی عمر میں قرآن کریم ناظرہ کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے مورخہ 26 نومبر 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچی سے سورہ اخلاص سماعت فرما کر دعا کروائی بچی کو قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کی سعادت اس کی والدہ مکرمہ نائلہ نزہت ساجد صاحبہ نے حاصل کی۔ بچی مکرم ملک محمد اسلم صاحب کی پہلی نواسی ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچی وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو قرآن کریم کے نور سے منور فرمائے۔ آمین

واقفین زندگی میں دو قسم کے آدمی ہیں۔ ایک وہ جن کا رجحان اس طرف ہے کہ دین کا علم سیکھ کر دین کی خدمت کریں اور دوسرے وہ جن کا رجحان اس طرف ہے کہ دنیا کا علم سیکھ کر دین کی خدمت کریں۔ سلسلہ کیلئے دونوں قسم کے آدمیوں کی ضرورت ہے۔ تا ہر قسم کے کاموں کو جاری کیا جا سکے۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

7

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ ماریشس

چیف کمشنر جزیرہ روڈرگ سے ملاقات، فیملی ملاقاتیں اور بوٹینک گارڈن کی سیر

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

5 دسمبر 2005ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دارالسلام روز ہل تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

بوٹینک گارڈن کی سیر

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ آج جماعت ماریشس نے یہاں کے ایک مشہور باغ Botanic Garden کی سیر کا پروگرام ترتیب دیا تھا۔ اس پروگرام کے مطابق گیارہ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے روانہ ہوئے اور پینتیس منٹ کے سفر کے بعد گیارہ بجکر پینتیس منٹ پر اس باغ میں پہنچے۔

یہ باغ ملک کے دارالحکومت Port Louis کی بندرگاہ سے سات میل شمال مشرق کی طرف Pamplemousses کے علاقہ میں واقع ہے۔ اس باغ کا پورا نام "Sir Seewoosagur Ramgoolam Botanical Gargen" ہے۔ اس باغ کو دنیا کے تمام باغات میں سے تیسرے نمبر پر شمار کیا جاتا رہا ہے۔ اور اس کو "One of the Marvels of the World" کہا جاتا رہا ہے۔

اس باغ کا صدر دروازہ نہایت شاندار اور خوبصورت ہے اور لوہے کا بنا ہوا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اسے 1862ء میں انگلینڈ کے Crystal Palace میں منعقدہ بین الاقوامی نمائش میں پہلا انعام ملا تھا۔ باغ کے ایک گائیڈ نے حضور انور کو اس باغ کے مختلف حصوں کا وزٹ کروایا اور ساتھ ساتھ معلومات بہم پہنچائیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بھی مختلف امور کے بارہ میں دریافت فرماتے رہے۔

گائیڈ نے بتایا کہ پام (Palm) کے درخت کی غیر معمولی قسمیں یہاں اس باغ میں موجود ہیں۔ پام کے درختوں کی ایک ایسی قطار ہے جو اپنے سائز میں بہت بڑے ہیں اور جن کے بڑے بڑے پتے قریباً ساڑھے 3 میٹر لمبے ہیں۔ یہ درخت 40 سے 60 سال پرانے ہوکر پھول دینا شروع کرتے ہیں۔ ان کے اوپر چھتری کی شکل میں لگنے والے پھولوں کا یہ غیر معمولی گچھا پانچ کروڑ چھوٹے چھوٹے پھولوں پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ درخت کی چوٹی پر درخت سے چھ میٹر اوپر اگتا ہے۔ یہ درخت پھول دینے کے بعد مرجاتا ہے۔ پام کے درخت کی اس قسم کو Talipot Palm کا نام دیا گیا ہے۔

Palm درخت کی ایک دوسری قسم جو اس باغ میں قطار در قطار کھڑی ہے "Queen Palm" کہلاتی ہے اور یہ قسم برازیل سے لائی گئی ہے۔ پام کی یہ قسم ناریل کے درخت سے بہت مشابہت رکھتی ہے۔ اس لئے ایک عرصہ تک اس درخت کو "Cocos Plumosa" کا نام دیا جاتا رہا۔ اس باغ میں پام (Palm) کی دیگر اقسام کے علاوہ اور بھی قسم ہا قسم کے درخت ہیں۔ Latania Loodigesn کے درخت بھی ہیں جن کی خصوصیت یہ ہے کہ ان کے نر اور مادہ پھول الگ الگ درختوں پر لگتے ہیں۔

اس باغ میں کنول کے پھولوں کا ایک تالاب ہے جو کھلے ہوئے کنول کے پھولوں سے بھرا ہوا تھا۔ ان پھولوں کے بارہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس باغ کے منتظمین سے مختلف امور کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ حضور انور نے ان پھولوں کی تصاویر بھی بنائیں۔ اس تالاب میں تین قسم کے Nymdhaea موجود ہیں۔ یعنی سفید، گلابی اور نیلے رنگ کے کنول کے پھول موجود ہیں۔

دریائے Amazon کا مشہور کنول کا پھول "Victoria Amazoinea" جس کے غیر معمولی بڑے اور اٹھے ہوئے کناروں والے پتے ہوتے ہیں۔ اس تالاب میں موجود ہے۔ یہ پھول پانی پر تیرتا ہوا ایک بہت بڑا تھال (گول ٹرے) معلوم ہوتا ہے۔ یہ پھول اتنا بڑا ہے کہ کئی پرندے آکر اس پر بیٹھتے ہیں اور یہ ڈوبتا نہیں ہے۔ اپنی کلی سے یہ پھول دو دن کے بعد دوپہر کے وقت بعد سے کھلنا شروع ہوتا ہے اور اگلے روز دوپہر تک مکمل طور پر کھلا رہتا ہے۔ کھلنے کے بعد پہلے روز اس کا رنگ Creamy White ہوتا ہے۔ جبکہ دوسرے دن اس کا رنگ گلابی ہوجاتا ہے۔

اس باغ میں ایک تالاب میں ایسے پھول بھی ہیں جن کے پتے کافی بڑے ہیں۔ ان پتوں کی یہ خصوصیت ہے کہ ان پر پانی نہیں ٹھہرتا اور پتوں پر پانی اس طرح حرکت کرتا ہے جس طرح پارہ (Mercury) کسی چیز پر نہیں ٹھہرتا اور حرکت کرتا ہے۔ ان پتوں کو پانی میں ڈبونے کے بعد بھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان پتوں کو پانی نے چھوا تک نہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے باغ کے منتظم سے ان پھولوں اور پتوں کے بارہ میں بھی معلومات دریافت کیں اور تصاویر بھی بنائیں۔

مشن اور بیت الذکر کا معائنہ

اس باغ کے مختلف حصوں کے وزٹ کے بعد بارہ بجکر پچیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز Triolet جماعت کے وزٹ اور یہاں کی بیت عمر کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔

بارہ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور بیت عمر Triolet پہنچے جہاں مقامی جماعت کے احباب نے اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور بیت الذکر کے اندر تشریف لائے اور تمام احباب جماعت کو شرف مصافحہ بخشا اور احباب سے گفتگو فرمائی۔ حضور انور نے احباب سے ان کے کاموں کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ مصافحہ کے دوران تصاویر بھی بنائی جارہی تھیں۔ اس طرح ہر شخص نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

Triolet کی جماعت ماریشس کی قدیم جماعتوں میں سے ایک ہے۔ یہ جماعت 1939ء میں قائم ہوئی۔ Triolet گاؤں ماریشس کے شمال میں سب سے لمبا گاؤں ہے۔ یہاں بیت عمر کی تعمیر 1960ء میں ہوئی۔ بیت الذکر کی تعمیر کے لئے زولیخہ سدھن صاحبہ نے اپنا پلاٹ پیش کیا۔

احباب جماعت سے ملاقات کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کچھ دیر کے لئے خواتین کے حصہ کی طرف تشریف لے گئے جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔ اس کے بعد حضور انور بیت سے ملحقہ بچوں کے مکتب میں تشریف لے گئے جہاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچوں سے بعض سوالات دریافت فرمائے۔ اس کے بعد حضور انور جماعت کے دفتر میں تشریف لائے اور کمپیوٹر پر جماعت کا سسٹم اور ریکارڈ کا نظام وغیرہ ملاحظہ فرمایا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت کی درخواست پر وزیٹر بک پر لکھا ”اللہ تعالیٰ اخلاص و وفا میں جماعت کو بڑھائے“۔

بعد ازاں ایک بجکر بیس منٹ پر حضور انور نے بیت عمر میں ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے صدر صاحب جماعت Triolet مکرم رشاد رنجیت صاحب سے بیت کے قطعہ زمین، رقبہ اور یہاں زمین کی قیمتوں کے بارہ میں دریافت فرمایا اور یہاں جماعت کے رشتہ ناطہ کے امور کے بارہ میں بھی دریافت فرمایا اور ہدایات دیں۔

یہاں کے پروگرام سے فارغ ہوکر اگلے پروگرام کے مطابق حضور انور کچھ دیر کے لئے "Ile Auxcerfs" کے علاقہ میں ساحل سمندر پر تشریف لے گئے۔ جماعت نے دوپہر کے کھانے کا انتظام یہیں کیا تھا۔ یہاں کچھ دیر قیام کے بعد چار بجے کے قریب واپس روز ہل (Rose Hill) کے لئے روانگی ہوئی۔ پانچ بجکر بیس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ پہنچے۔

نیشنل مجلس عاملہ سے میٹنگ

چھ بجکر بیس منٹ پر حضور انور اپنی رہائش گاہ سے دارالسلام روز ہل کے لئے روانہ ہوئے۔ جہاں پروگرام کے مطابق ساڑھے چھ بجے نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ ماریشس کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ میٹنگ کا آغاز ہوا۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

قائد عمومی سے حضور انور نے مجالس کی تعداد دریافت فرمائی اور مجلس اور جماعت کا فرق سمجھایا۔ حضور انور نے جائزہ لیا کہ کتنی مجالس باقاعدہ رپورٹس بھجواتی ہیں اور کتنی ہیں جو بے قاعدہ ہیں یا نہیں بھجواتیں۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جو مجالس باقاعدہ ہر ماہ اپنی رپورٹس نہیں بھجواتیں ان کو صرف میٹنگ میں توجہ دلانا کافی نہیں بلکہ خطوط لکھیں اور بار بار یاددہانی کروائیں۔

پھر حضور انور نے اس بات کا جائزہ لیا کہ جب آپ کو (قائد عمومی کو) رپورٹس موصول ہوتی ہیں تو کیا کرتے ہیں۔ صدر صاحب کیا کرتے ہیں اور قائدین اپنے اپنے شعبوں کے بارہ میں کیا کرتے ہیں۔ حضور انور نے قائد عمومی کو ہدایت فرمائی کہ آپ رپورٹس صدر صاحب کو دیا کریں وہ اپنے جو ریمارکس دیں وہ ان مجالس کو بھجوایا کریں۔ قائدین کو کہیں کہ وہ آفس آئیں اور اپنے اپنے شعبوں کی رپورٹس دیکھیں اور اپنے اپنے شعبہ پر ریمارکس دیں جو مجالس کے متعلقہ سیکرٹریان کو بھجوائے جائیں۔

حضور انور نے قائد عمومی کو توجہ دلائی کہ آپ نے ہر مجلس کو اس کی رپورٹ کی رسیدگی سے مطلع کرنا ہے کہ فلاں مہینہ کی رپورٹ مل گئی ہے۔ اس طرح مجالس زیادہ مستعد اور فعال ہوں گی۔

حضور انور نے فرمایا صدر مجلس کو حق ہے کہ جو زعیم صحیح طرح کام نہیں کر رہا اس کو تبدیل کردیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ مجھے ہر ماہ باقاعدگی سے آپ کی رپورٹ آنی چاہئے۔ نائب صدر صف دوم سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ نے صف دوم کے انصار کے لئے کیا پروگرام بنایا ہے۔ حضور انور نے فرمایا ان کے لئے علیحدہ پروگرام بنائیں۔ نیز فرمایا مجالس جو ماہانہ رپورٹس بھجواتی ہیں اس میں صف دوم کا سپیشل کالم ہوتا کہ آپ کو معلوم

ہو سکے کہ مجالس میں صف دوم کے تحت کیا کام ہوا ہے اور کیا پروگرام جاری ہیں۔

قائد اشاعت نے اپنی رپورٹ دیتے ہوئے بتایا کہ حضور انور کے خطبہ جمعہ کا کریول زبان میں ترجمہ شائع کرتے ہیں اور احباب کو تقسیم کرتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا آپ کی مجلس انصاراللہ کا News Letter ہونا چاہئے جس میں مہینہ کے چاروں خطبات کا ذکر ہو اور کریول زبان میں ترجمہ شائع ہو۔

قائد تجنید کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنی تجنید ہر وقت Update رکھیں۔

حضور انور نے صدر صاحب انصاراللہ کو ہدایت فرمائی کہ آپ کو دو معاون صدر رکھنے کی اجازت ہے۔ آپ ان کے سپرد کوئی بھی خاص کام کر سکتے ہیں۔ مثلاً وصیت کے نظام میں انصار کو شامل کرنے کے لئے خاص کوشش ہونی ہے۔ یہ کام معاون صدر کے سپرد کیا جا سکتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ صف دوم کے اندر کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ انصار وصیت کے نظام میں شامل ہوں۔

قائد تعلیم سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ نے کیا سپیشل پروگرام بنایا ہے۔ حضور انور نے انہیں ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ کے شعبہ کا تعلق انصاراللہ کی دینی تعلیم کے بارہ میں ہے۔ آپ کے پاس یہ سارا ریکارڈ ہونا چاہئے کہ کتنے انصار سادہ نماز جانتے ہیں، کتنے باترجمہ جانتے ہیں، قرآن کریم ناظرہ کتنے جانتے ہیں اور کتنے ایسے ہیں جو باترجمہ جانتے ہیں۔ کتنے انصار روزانہ تلاوت کرتے ہیں اور کتنے باقاعدہ مطالعہ کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ کوئی کتاب مطالعہ کے لئے مقرر کریں۔ سوالنامہ بنائیں اور پھر امتحان لیں۔ فرمایا اپنے ممبرز کو Activate کریں۔

قائد ایثار نے بتایا کہ بوڑھے لوگوں، بیمار لوگوں کا وزٹ کرتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا میڈیکل کیمپ لگائیں، غرباء کی مدد کریں، ہسپتالوں میں آپ کی ٹیمیں جائیں۔ بعض مریض ہوتے ہیں جو غریب ہوتے ہیں انہیں مدد کی ضرورت ہوتی ہے اس کا بھی جائزہ لیں اور ایسے لوگوں کی مدد کے پروگرام ہوں۔ فرمایا اپنی ٹیمیں ہفتہ وار بھجوائیں اس سے جہاں غرباء کی مدد ہوگی وہاں غرباء سے آپ کا ایک مستقل رابطہ ہو جائے گا اور ان کو احمدیت سے متعارف کروا سکیں گے۔

قائد وقف جدید کو حضور انور نے توجہ دلائی کی اس وقت جو انصار چندہ وقف جدید ادا کر رہے ہیں وہ انصار کی کل تعداد کا نصف سے بھی کم ہے۔ آپ کو آگے بڑھنا چاہئے۔ قائد تربیت نومبائعین سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ گزشتہ تین سال کے کتنے نومبائعین ہیں جو آپ کے ریکارڈ میں ہیں۔ حضور انور نے فرمایا تین سال بعد نومبائع جماعت کے نظام کا باقاعدہ حصہ بن جاتا ہے۔ نومبائع نہیں رہتا۔ حضور انور نے فرمایا آپ نومبائع انصار کی لسٹ بنائیں۔ ان سے رابطہ کریں۔ ان کی تربیت کریں۔ ان کو اپنی میٹنگ اور اجتماع میں بلائیں۔ ان کے ساتھ علیحدہ میٹنگ بھی کریں۔ ان کو ٹرینڈ کریں۔ آپ کی ہر مجلس میں جو نومبائع انصار ہیں ان سے رابطہ کے لئے اپنے شعبہ کے تحت لوگوں کو مقرر کریں جو ان سے مستقل رابطہ رکھیں۔

حضور انور نے فرمایا ہر نومبائع سے رابطہ ہونا چاہئے فرمایا 2008ء تک ہر نومبائع نظام کا مکمل حصہ بننا چاہئے۔

قائد (دعوت الی اللہ) کو حضور انور نے فرمایا کہ مستعد ہوں اور دعوت الی اللہ کے لئے پلاننگ کریں۔

قائد تربیت کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ کے پاس یہ انفارمیشن ہونی چاہئے کہ پانچوں نمازوں کی ادائیگی کتنے کر رہے ہیں، کتنے ہیں جو نمازوں میں باقاعدہ ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ انصار کو نمازوں میں باقاعدہ ہونا چاہئے۔ ہر ناصر کو پانچ نمازیں باقاعدہ ادا کرنی چاہئیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ شعبہ تعلیم اور تربیت بعض کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کریں۔

قائد ذہانت وصحت جسمانی کو حضور انور نے فرمایا کہ صف دوم کی کھیلوں کے پروگرام میں ان کی مدد کریں۔

قائد تحریک جدید سے حضور انور نے ان کے وعدہ جات اور چندہ کی ادائیگی کا جائزہ لیا۔ قائد مال سے حضور انور نے تفصیل کے ساتھ انصار کے بجٹ، فی کس چندہ کے معیار اور انکم کا جائزہ لیا۔ چندہ اجتماع اور اخراجات کا بھی جائزہ لیا۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ آپ نے اپنے ریز روفنڈ سے جو بھی خرچ کرنا ہے، حضور انور کی اجازت سے کرنا ہے۔

میٹنگ کے آخر پر صدر صاحب مجلس انصاراللہ نے اپنی کارگزاری کا مختصر جائزہ کمپیوٹر کے ذریعہ سکرین پر پیش کیا۔

نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ ماریشس کے ساتھ یہ میٹنگ ساڑھے آٹھ بجے تک جاری رہی۔ میٹنگ کے آخر پر مجلس عاملہ انصاراللہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

میٹنگ کے بعد حضور انور دارالسلام تشریف لے گئے۔ جہاں حضور انور نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

6 دسمبر 2005ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دارالسلام روز ہل تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔

آج صبح پروگرام کے مطابق جزیرہ Rodrigues کے لئے روانگی تھی۔ صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور ماریشس کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ Sir Seewoo Sagar Ramgoolam کے لئے روانگی ہوئی۔ ایئرپورٹ سے چند کلومیٹر قبل راستہ میں حضور انور New Grove جماعت کے وزٹ کے لئے کچھ دیر کے لئے رکے۔ یہاں کی مقامی جماعت کے احباب نے حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور انور نے جماعت New Grove کی بیت السلام کا معائنہ فرمایا۔ اس بیت کا افتتاح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 1993ء میں اپنے دورہ ماریشس کے دوران فرمایا تھا۔

چھ بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایئرپورٹ پر پہنچے۔ جزیرہ Rodrigues کے لئے ایئر ماریشس کی فلائٹ MK120 سات بجکر پینتالیس منٹ پر روانہ ہوئی۔ اس فلائٹ میں قافلہ کے ممبران کے علاوہ پچاس کے قریب ماریشس کے احمدی احباب نے بھی سفر کیا۔ یہ فوکر جہاز تھا جو قریباً سارا ہی جماعت نے بک کروایا تھا۔ Rodrigues کا سرسبز وشاداب پہاڑوں اور وادیوں پر مشتمل خوبصورت جزیرہ ماریشس سے مشرق کی طرف پانچ سو کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کا نام ایک پرتگالی سیاح "Diego Rodrigues" کے نام پر ہے۔ اس سیاح نے اس جزیرہ کو پہلی دفعہ 1528ء میں دریافت کیا تھا۔

ڈیڑھ گھنٹہ کی پرواز کے بعد جہاز نو بجکر پندرہ منٹ پر روڈرگ کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ Plaine Corail پر اترا۔ سفر کے دوران جہاز کے کیبن سے یہ اعلان کیا گیا کہ اس جہاز میں حضرت مرزا مسرور احمد (خلیفۃ المسیح الخامس) ہیڈ آف دی احمدیہ کمیونٹی سفر کر رہے ہیں۔ ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔

جزیرہ روڈرگ کی حکومتی انتظامیہ کی طرف سے حضور انور ایدہ اللہ کو ایئرپورٹ پر اور اس جزیرہ میں قیام کے دوران VIP کی تمام سہولیات مہیا کی گئی تھیں۔ ایئرپورٹ پر اس جزیرہ کی حکومتی انتظامیہ کی طرف سے پروٹوکول آفیسر نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور ایئرپورٹ سٹاف کی ایک آفیسر نے بھی حضور انور کا VIP لاؤنج کے باہر استقبال کیا۔

Rodrigues جماعت کے ممبران بھی حضور انور کے استقبال کے لئے ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ صدر جماعت روڈرگ نے VIP لاؤنج کے باہر حضور انور کو خوش آمدید کہا اور حضور انور کو پھولوں کا ہار پہنایا۔ بچیاں اپنے مقامی خوبصورت لباس میں ملبوس کورس کی شکل میں نظم

ع

ہم احمدی بچے ہیں کچھ کر کے دکھا دیں گے

خوش الحانی سے پڑھ رہی تھیں۔ روڈرگ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ایک روزہ مختصر قیام کا انتظام سمندر کے کنارے ایک ہوٹل Pointe Venus میں کیا گیا تھا۔ VIP لاؤنج میں امیگریشن کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد حضور انور اپنی قیام گاہ ہوٹل تشریف لے گئے۔ یہاں کی مقامی حکومت کی طرف سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو گاڑی مہیا کی گئی تھی۔ سوا دس بجے صبح حضور انور اپنی جائے رہائش پر پہنچے۔

چیف کمشنر سے ملاقات

یہاں کچھ دیر قیام کے بعد بارہ بجے اس جزیرہ کے حکومتی انتظامیہ کے سربراہ چیف کمشنر Mr. Serge Clair سے ملاقات کے لئے روانگی ہوئی۔ چیف کمشنر سے یہ ملاقات پون گھنٹہ سے زائد وقت تک جاری رہی۔

چیف کمشنر نے اس جزیرہ میں آمد پر حضور انور کو خوش آمدید کہا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور اس جزیرہ میں (جو کہ ماریشس کی گورنمنٹ کے ماتحت ہے) حکومتی نظام اور طریق کار کے بارہ میں تفصیل سے بتایا۔

چیف کمشنر کے ایک سوال پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لندن قیام کے بارہ میں بتایا کہ پاکستان میں اپنے فرائض کی ادائیگی ممکن نہیں۔ جماعت احمدیہ کے خلاف جو قانون بنا ہے وہ ایسا ہے کہ خلیفہ وقت پاکستان میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا نہیں کر سکتا۔ نہ جماعت سے مخاطب ہو سکتا ہے اور نہ ہی دینی تعلیم کے بارہ میں بات کر سکتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ مذہب کا تعلق انسان کے دل سے ہے۔ ہر انسان کا وہی مذہب ہے جو وہ سمجھتا ہے اور اس میں وہ آزاد ہے۔ کسی کو اختیار نہیں کہ وہ کسی دوسرے کے مذہب کا تعین کرے۔

چیف کمشنر نے حضور انور کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ ہر جگہ مذہبی آزادی ہونی چاہئے۔ مذہب کے معاملہ میں کسی کو دخل دینے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے۔ انسان جس طرح چاہے اپنے مذہب کی تعلیمات پر عمل کرے۔

چیف کمشنر نے بتایا کہ ماریشس اور جزیرہ روڈرگ میں مذہبی آزادی ہے اور ہر شخص کو پورا حق حاصل ہے کہ وہ اپنے مذہب کی تعلیم پر عمل کرے۔

احمدیوں کی تعداد کا ذکر ہونے پر حضور انور نے فرمایا کہ افریقہ میں احمدیوں کی بڑی تعداد ہے۔ پاکستان میں بھی احمدیوں کی بڑی تعداد ہے۔ یو۔کے میں بھی جماعت کی تعداد کا ذکر ہوا۔

چیف کمشنر کے ایک سوال پر حضور انور نے فرمایا کہ یو۔کے میں جماعت کے جلسہ سالانہ میں بعض ممبران پارلیمنٹ شامل ہوتے ہیں۔ پرائم منسٹر کی طرف سے جلسہ کے لئے پیغام بھی آیا تھا۔ یو۔کے کی حکومت جماعت کی Activities سے بخوبی آگاہ ہے اور انہیں یہ علم ہے کہ یہ جماعت امن پسند ہے اور ملکی قوانین کی پابندی کرنے والی جماعت ہے۔ اس لئے جماعت احمدیہ کے بارہ میں حکومت پوری طرح مطمئن ہے اور حکومت کو علم ہے یہ جماعت دوسرے لوگوں کی طرح نہیں ہے جو فساد کرتے ہیں۔ احمدی جس ملک میں رہتے ہیں اس کے وفادار ہوتے ہیں۔

مختلف ممالک کے دوروں کے بارہ میں ذکر ہونے پر حضور انور نے فرمایا کہ جن ممالک میں جماعت کی تعداد زیادہ ہے وہاں میں جاتا ہوں۔ سب ممالک میں تو نہیں جا سکتا۔ 181 ممالک میں جماعت موجود ہے۔

حضور انور نے جزیرہ Rodrigues میں زراعت کے حوالہ سے چیف کمشنر کے ساتھ مختلف امور پر بات کی اور بڑے مفید مشورے دیئے چیف کمشنر نے حضور انور کی باتیں سن کر کہا کہ معلوم ہوتا ہے آپ Agriculturist ہیں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا ہاں میں نے ایگریکلچرل میں ڈگری لی ہوئی ہے۔ یہ

ساری گفتگو بہت اچھے خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ چیف کمشنر کو جماعت کا پہلے سے تعارف تھا۔ جماعت کا سہ ماہی اخبار Le Message ان کے مطالعہ میں رہا ہے۔ چیف کمشنر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اور وفد کے ممبران کی مشروبات سے تواضع کی۔ اس ملاقات کے آخر پر چیف کمشنر نے حضور انور کی خدمت میں تحفہ پیش کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے چیف کمشنر کو شیلڈ عطا فرمائی۔ چیف کمشنر حضور انور کو باہر دروازہ تک چھوڑنے آئے۔

یہاں سے ایک بجکر پانچ منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احمدیہ مشن ہاؤس بیت نور تشریف لے گئے۔ ایک بجکر دس منٹ پر حضور انور مشن ہاؤس پہنچے۔ جہاں جزیرہ Rodrigues کی مقامی جماعت نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

احمدیہ مشن ہاؤس Rodrigues دو منزلہ عمارت ہے۔ پہلی منزل پر رہائشی حصہ اور دفاتر وغیرہ ہیں۔ جبکہ دوسری منزل پر بیت نور ہے۔ اس مشن ہاؤس کی تعمیر 1985ء میں ہوئی تھی۔

مشن ہاؤس پہنچنے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے گئے اور پروگرام کے مطابق فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں جو دوپہر دو بجکر بیس منٹ تک جاری رہیں۔ جماعت Rodrigues کی سترہ فیملیز کے 60 افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شرف حاصل کیا اور تصاویر بھی بنائیں۔

ملاقاتوں کے بعد سوا دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت نور میں تشریف لا کر ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے صدر صاحب جماعت روڈرگ سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ ملاقاتوں کے دوران میں نے جائزہ لیا ہے۔ یہاں تربیت کی بے حد کمی ہے۔ بچوں کو نماز نہیں آتی اور بڑوں کو بھی نہیں آتی۔ ان سب کی کلاسز ہونی چاہئیں۔ لجنہ کی کلاسز علیحدہ ہوں۔ ان کو نماز سکھائیں۔ قاعدہ یسرنا القرآن سکھائیں پھر قرآن کریم ناظرہ پڑھنا سیکھیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ تربیت کے بغیر تعداد بڑھانے کا کوئی مقصد نہیں۔ حضور انور نے فرمایا نماز سکھانے کے بعد اس کا ترجمہ بھی سکھائیں۔ حضور انور نے ماریشس میں نئے آنے والے مربی سلسلہ کو فرمایا کہ اب باقاعدہ یہاں کا دورہ کریں اور یہاں قیام کر کے ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کریں۔ سب کو ساتھ لے کر چلیں اور یہاں کی جماعت کو مستعد اور فعال جماعت بنائیں۔

اس مختصر خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یہاں سے واپس ہوٹل تشریف لے گئے۔

بیت الذکر کا سنگ بنیاد

پروگرام کے مطابق پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل سے یہاں کے ایک علاقہ Laferme میں بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھنے کے لئے روانہ ہوئے۔ راستہ میں ایک مقامی قبرستان میں رک کر ایک نوجوان احمدی Jame Steeve کی قبر پر دعا کی۔

اس جزیرہ میں صدر مقام کے علاوہ ایک دوسری جگہ Laferme میں بھی اللہ کے فضل سے جماعت قائم ہے۔

حضور انور نے یہاں پہنچنے کے بعد بیت کا نقشہ ملاحظہ فرمایا اور نقشہ میں کچھ تبدیلی کے بارہ میں ہدایات دیں اور زمین اور اس کے رقبہ کا بھی جائزہ لیا۔ اس بیت کی تعمیر کے لئے جو پلاٹ حاصل کیا گیا ہے وہ مین سڑک کے اوپر ہے۔ اس موقع پر زمین کا وہ مالک بھی موجود تھا جس سے یہ قطعہ زمین حاصل کیا گیا تھا۔ حضور انور نے از راہ شفقت اس مالک سے بھی گفتگو فرمائی اور فرمایا کہ آپ نے اس زمین پر سفیدے کے درخت اگائے ہوئے ہیں۔ لکڑی کے حصول کے لئے اس سے بہتر دوسرے درخت ہیں وہ اگانے چاہئیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سنگ بنیاد کے طور پر یہاں لگی ہوئی تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔

اس کے بعد اس خوبصورت جزیرہ کے مختلف حصوں کی سیر کرتے ہوئے مشن ہاؤس پہنچنے کا پروگرام تھا۔ یہ جزیرہ سرسبز پہاڑوں، شاداب وادیوں پر مشتمل پھلدار درختوں سے لدا ہوا ہے۔ سڑک سمندر کے کنارے، ان پہاڑوں اور وادیوں میں بل کھاتی ہوئی گزرتی ہے۔ کہیں دونوں طرف پہاڑی مناظر آجاتے ہیں اور کہیں تاحد نگاہ سمندر ہی نظر آتا ہے۔ اس جزیرہ کا یہ سفر خوبصورت اور دلکش تھا اور سمندر کی اوٹ میں سورج کے غروب ہونے کا منظر بھی بہت حسین تھا۔

چھ بجکر پچیس منٹ پر حضور انور بیت نور پہنچے۔ جہاں حضور انور نے ناریل کا پودا لگایا۔ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے بھی ناریل کا پودا لگایا جس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی۔

اس کے بعد حضور انور نے اپنے کیمرہ سے سب احباب جماعت کی اجتماعی تصویر بنائی۔ بعد میں حضور انور از راہ شفقت خود احباب جماعت کے درمیان تشریف لے آئے اور تصویر بنوانے کا شرف بخشا۔

اس کے بعد چھ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت نور میں مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔ حضور انور کی شخصیت سے متاثر ہو کر ہوٹل کے مالک نے کرایہ نہیں لیا کہ آپ لوگوں سے نہیں لینا۔ امیر صاحب کے کہنے پر بھی یہی کہا کہ یہ میرے لئے اعزاز ہے۔

ماریشس کے لئے واپسی

سوا آٹھ بجے حضور انور ہوٹل Pointe Venus سے جزیرہ Rodrigues کے ایئرپورٹ Plaine Corail کے لئے روانہ ہوئے۔ پونے نو بجے حضور انور ایئرپورٹ پر پہنچے اور VIP لاؤنج میں تشریف لے آئے۔ حضور انور کی ایئرپورٹ پر آمد سے قبل امیگریشن کی کارروائی مکمل ہو چکی تھی۔

سوا نو بجے حضور انور جہاز میں سوار ہوئے۔ جزیرہ کی حکومتی انتظامیہ کے پروٹوکول آفیسر نے حضور انور کو رخصت کیا۔ ایئرپورٹ سٹاف کی ایک سینئر آفیسر نے بھی حضور انور کو الوداع کہا۔ اس جزیرہ سے ماریشس کے لئے ایئر ماریشس کی فلائٹ MK171 نو بجکر پچیس منٹ پر ماریشس کے لئے روانہ ہوئی اور ایک گھنٹہ بیس منٹ کے سفر کے بعد گیارہ بجکر پینتالیس منٹ پر ماریشس کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ Sir Seewoo Sagar Ramgoolam پہنچی۔ واپسی پر جہاز کے عملہ کی طرف سے یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اس جہاز میں حضرت مرزا مسرور احمد (خلیفۃ المسیح الخامس) ہیڈ آف دی احمدیہ کمیونٹی سفر کر رہے ہیں۔ ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں اور سفر کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔

جہاز سے اترنے کے بعد حضور انور VIP لاؤنج میں تشریف لے آئے اور ایئرپورٹ سے قیامگاہ کی طرف روانگی ہوئی۔ سوا بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

7 دسمبر 2005ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دارالسلام Rose Hill تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ ساڑھے گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے دارالسلام تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

ماریشس کی درج ذیل سات جماعتوں Rose Hill، Trefles، St. Pierre، Quatre Blanche، Montagno Blanche، Montagne Longue اور Pailles کے 23 خاندانوں کے 189 افراد نے حضور انور سے شرف ملاقات حاصل کیا اور تصاویر بنوانے کی سعادت پائی۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام ڈیڑھ بجے تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دارالسلام میں تشریف لا کر ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد تقریب آمین ہوئی جس میں 20 بچے اور 19 بچیاں شامل ہوئیں۔ حضور انور نے سب سے باری باری قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔ اس تقریب آمین کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

سوا پانچ بجے حضور انور اپنی رہائش گاہ سے مشن ہاؤس دارالسلام تشریف لائے اور پروگرام کے مطابق فیملی وانفرادی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

ملاقاتوں کے اس سیشن میں ماریشس کی آٹھ جماعتوں Moka، Rose Hill، St. Pierre، Aigion، Phoonix، Gentley، Curepipe اور Quatre Bornes کے 24 خاندانوں کے 219 افراد نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی اور تصاویر بھی بنوائیں۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام شام سات بجے تک جاری رہا۔ ملاقاتوں کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دارالسلام روز ہل میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

تقریب عشائیہ

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ آج شام جماعت احمدیہ ماریشس نے حضور انور کے اعزاز میں ہوٹل میں ایک تقریب عشائیہ (Reception) کا اہتمام کیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ساڑھے سات بجے اپنی رہائش گاہ سے ہوٹل تشریف لے گئے۔ سات بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ہوٹل پہنچے۔ اس تقریب میں 55 غیر از جماعت مہمانوں نے شرکت کی۔ جب حضور انور ہوٹل پہنچے تو حضور انور سے باری باری مہمانوں کا تعارف کروایا گیا۔ اس تقریب میں درج ذیل مہمانوں نے شرکت کی۔

Mr. Xavier Duval (Deputy Prime Minister And Minister For Tourism, Leisure And External Communications)

Mr. Vasant Bunwanee (Minister of Labour)

Mr. R. Appadoo (Mayor of Quatre Bornes)

Mr. Karl Offman (Former President of The Republic)

Dr. Satish Boolell (Coroner, Former President of Mauritius Council of Social Sciences)

Mr. S. Dulthumum (President Sanatan Dharam Temoles Federation)

Mr. Dev Dayal (Representative of The Brama Kumari Mission)

Mr. Ayoob Nakhuda (Former Director of Bodget Ministry of Finance)

Mr. Fareed Jangeerkhan (Chairman of The Mauritius Broadcasting Corporation)

ان مذکورہ مہمانوں کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے مہمانوں نے بھی شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد مبارک سلطان غوث صاحب سیکرٹری امور خارجہ

نے آنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے استقبالیہ ایڈریس میں جماعت کا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا تعارف کروایا۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا: دین حق دہشت گردی اور ظلم کو پسند نہیں کرتا۔ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ دین حق امن وسلامتی اور انصاف کی تعلیم دیتا ہے۔ عدل کی تعلیم دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ تعالیٰ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید میں گواہ بن جاؤ اور انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو۔

حضور انور نے فرمایا کسی مومن کی طرف سے ظلم نہیں ہونا چاہئے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ مومن خدا سے ڈرتا ہو۔ خدا کا خوف دل میں رکھتا ہو اور پھر ساتھ ظلم کرنے والا بھی ہو۔

حضور انور نے لڑائی کے بارہ میں دین حق کی حسین تعلیم بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ دین جنگ میں معصوم بچوں، عورتوں، بوڑھوں کو مارنے کے خلاف ہے۔ لیکن اب جنگی جہازوں سے میزائل برسائے جاتے ہیں اور توپوں اور ٹینکوں سے گولے داغے جاتے ہیں جس کے نتیجہ میں معصوم بچے، بوڑھے اور عورتیں سب بڑی بے دردی سے مارے جاتے ہیں۔ یہ ہرگز انصاف نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ کا یہ طریق تھا کہ آپ فوج کے کمانڈر کو جنگ کے لئے بھجوانے سے قبل یہ حکم دیا کرتے تھے کہ عورتیں، بچے، بوڑھے، عابدوں اور راہبوں کو قتل نہیں کرنا۔ عبادت گاہیں خواہ کسی بھی مذہب کی ہوں نہیں گرانی، آگ میں نہیں جلانا، جانور نہیں مارنے، درخت نہیں کاٹنے، مثلہ نہیں کرنا، زخمی کو نہیں مارنا، جو بھاگ جائے اس کا پیچھا نہیں کرنا۔ قیدیوں کو ان کے حقوق کے ساتھ رکھنا ہے۔

حضور انور نے فرمایا اب دیکھیں دینی تعلیم تو یہ ہے کہ کسی کو آگ میں نہیں جلانا لیکن آجکل تمام ہتھیار آگ ہی ہیں۔ ایٹم بم سوائے آگ اور Radiation کے کچھ نہیں ہے۔ جو گولے برسائے جاتے ہیں اور میزائل داغے جاتے ہیں وہ سب آگ ہی ہیں۔

